## سوال

(50) سحری کھائے بغیر روزہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اگر سحری نہ کھائی جائے تو روزہ ہوگا یا نہیں ہوگا؟ (عبداللہ شاہ منڈے پنڈ چک نمبر ۴۹ ڈاکخانہ خاص ضلع لائلپور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سحری نہ کھانے سے روزہ ہوجاتا ہے۔

کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ گھر میں آئے ہم نے کہا یا رسول اللہ ﷺ ہمیں حسیس، کھجوریں، پنیر، گھی ملا کر تیار کیا ہوا کھانا تحفہ دیا گیا۔ آپ نے فرمایا مجھے دکھلا میں نے صبح روزہ کی حالت میں کی۔ پھر آپ نے کھانا کھالیا۔ مشکوٰۃ۔ اس سے معلوم ہوا کہ سحری کھائے بغیر روزہ ہوجاتا ہے، ورنہ آپ روزہ نہ رکھتے۔ اوراس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نفلی روزہ توڑ سکتے ہیں۔ (عبداللہ امرتسری روپڑی از بھویہ آصل ڈاکخانہ خاص ضلع لاہور) (فتاویٰ اہل حدیث ج ۲ ص ۵۶۶)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 06 ص 118**